قال الحواریون نحن انصار اللّٰہ

نحن انصار اللّٰہ

مجلس
انصاراللّٰہ
کینیڈا
کا
ترجمان
مجلہ

لا اله الا الله محمد رسول الله
THERE IS NO GOD BUT ALLAH.
MUHAMMAD IS THE MESSENGER
OF ALLAH.

بسم الله الرحمن الرحیم　　نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم　　وعلی عبدہ المسیح الموعود

مجلس انصار اللہ کینیڈا کا ترجمان مجلہ

نحن انصار اللہ

احسان 1378ہش جون 2000ء
جلد نمبر ا　شمارہ نمبر ا

☆ نگران اعلیٰ ☆
مولانا نسیم مہدی
امیر و مشنری انچارج کینیڈا

☆ مدیر ☆
ناصر احمد وینس

☆ معاون ☆
سعید احمد مجید

☆ مینیجر ☆
محمد زبیر منگلا

☆ صدر مجلس انصار اللہ
ملک کلیم احمد

فہرست مضامین

o دینی اقتباسات
o اداریہ
o خصوصی پیغام محترم امیر صاحب
o خلافت کی رہنمائی
o مشاہدات و تاثرات
o مقدمات کے پس منظر میں
o ایک مکتوب ایک مقالہ
o قبولِ احمدیت کی داستاں
o مجلس انصار اللہ کی تصویری جھلکیاں
اور بہت کچھ

ناصر احمد وینس
تاریخ 5 جولائی 2001ء مقام: ٹورانٹو

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

پیغامِ ربانی

وَعَدَ اللّٰہُ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا مِنۡکُمۡ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَیَسۡتَخۡلِفَنَّہُمۡ فِی الۡاَرۡضِ کَمَا اسۡتَخۡلَفَ الَّذِیۡنَ مِنۡ قَبۡلِہِمۡ ۪ وَلَیُمَکِّنَنَّ لَہُمۡ دِیۡنَہُمُ الَّذِی ارۡتَضٰی لَہُمۡ وَلَیُبَدِّلَنَّہُمۡ مِّنۡۢ بَعۡدِ خَوۡفِہِمۡ اَمۡنًا ؕ یَعۡبُدُوۡنَنِیۡ لَا یُشۡرِکُوۡنَ بِیۡ شَیۡئًا ؕ وَمَنۡ کَفَرَ بَعۡدَ ذٰلِکَ فَاُولٰٓئِکَ ہُمُ الۡفٰسِقُوۡنَ (سورہ نور :۵٦)

اللہ نے تم میں سے ایمان لانے والوں اور مناسب حال عمل کرنے والوں سے وعدہ کیا ہے کہ وہ اُن کو زمین میں خلیفہ بنادے گا۔ جس طرح اُن سے پہلے لوگوں کو خلیفہ بنادیا تھا۔ اور جو دین اُس نے اُن کے لئے پسند کیا ہے، وہ اُن کے لئے اُسے مضبوطی سے قائم کردے گا اور اُن کے خوف کی حالت کے بعد وہ اُن کے لئے امن کی حالت تبدیل کردے گا۔ وہ میری عبادت کریں گے (اور) کسی چیز کو میرا شریک نہیں بنائیں گے۔ اور جو لوگ اس کے بعد بھی انکار کریں گے، وہ نافرمانوں میں سے قرار دیئے جائیں گے۔ (تفسیر صغیر)

ارشادِ نبویؐ

تکون النبوۃ فیکم ما شاء اللّٰہ ان تکون ثم یرفعھا اللّٰہ تعالیٰ ثم تکون خلافۃ علی منہاج النبوۃ ما شاء اللّٰہ ان تکون ثم یرفعھا اللّٰہ تعالیٰ ثم تکون ملکاً عاضاً فتکون ما شاء اللّٰہ ان تکون ثم یرفعھا اللّٰہ تعالیٰ ثم تکون ملکاً جبریۃ فیکون ما شاء اللّٰہ ان یکون ثم یرفعھا اللّٰہ تعالیٰ ثم تکون خلافۃً علی منہاج النبوۃ ثم سکت

(مسند احمد بحوالہ مشکوۃ باب الانذار والتحذیر ص٤٦١)

"تم میں نبوت قائم رہے گی جب تک اللہ چاہے گا پھر وہ اس کو اٹھالے گا اور قدرت ثانیہ کے رنگ میں خلافت راشدہ قائم ہوگی۔ پھر اللہ تعالیٰ جب چاہے گا اس نعمت کو بھی اٹھالے گا پھر اس کی تقدیر کے مطابق کوتاہ اندیش بادشاہت قائم ہوگی جس سے لوگ دل گرفتہ ہوں گے اور تنگی محسوس کریں گے۔ جب یہ دَور ختم ہوگا تو اس کی دوسری تقدیر کے مطابق ظالمانہ بادشاہت قائم ہوگی یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کا رحم جوش میں آئے گا اور اس ظلم وستم کے دَور کو ختم کردے گا۔ پھر خلافت علیٰ منہاج النبوۃ قائم ہوگی۔ یہ فرما کر آپ خاموش ہوگئے۔"

ارشاداتِ عالیہ سیّدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام

"نبوت وخلافت کا ذکر کرتے ہوئے حضور علیہ السلام فرماتے ہیں :-

"یہ خدا تعالیٰ کی سنّت ہے اور جب سے کہ اُس نے انسان کو زمین میں پیدا کیا، ہمیشہ اِس سنّت کو ظاہر کرتا رہا ہے کہ وہ اپنے نبیوں اور رسولوں کی مدد کرتا ہے اور ان کو غلبہ دیتا ہے۔ . . . اسی طرح خدا تعالیٰ قوی نشانوں کے ساتھ اُن کی سچائی ظاہر کردیتا ہے اور جس راستبازی کو وہ دنیا میں پھیلانا چاہتے ہیں اُس کی تخم ریزی انہی کے ہاتھ سے کردیتا ہے لیکن اس کی پوری تکمیل ان کے ہاتھ سے نہیں کرتا بلکہ ایسے وقت میں اُن کو وفات دے کر جو بظاہر ایک ناکامی کا خوف اپنے ساتھ رکھتا ہے مخالفوں کو ہنسی اور ٹھٹھے اور طعن اور تشنیع کا موقعہ دے دیتا ہے اور جب وہ ہنسی ٹھٹھا کر چکتے ہیں تو پھر ایک دوسرا ہاتھ اپنی قدرت کا دکھاتا ہے اور ایسے اسباب پیدا کردیتا ہے جن کے ذریعہ سے وہ مقاصد جو کسی قدر ناتمام رہ گئے تھے اپنے کمال کو پہنچتے ہیں۔ غرض دو قسم کی قدرت ظاہر کرتا ہے

● اوّل خود نبیوں کے ہاتھ سے اپنی قدرت کا ہاتھ دکھاتا ہے۔

● دوسرے ایسے وقت میں جب نبی کی وفات کے بعد مشکلات کا سامنا پیدا ہوجاتا ہے اور دشمن زور میں آجاتے ہیں اور خیال کرتے ہیں کہ اب کام بگڑ گیا اور یقین کر لیتے ہیں کہ اب یہ جماعت نابود ہوجائے گی اور خود جماعت کے لوگ بھی تردّد میں پڑ جاتے ہیں اور اُن کی کمریں ٹوٹ جاتی ہیں اور کئی بدقسمت مرتد ہونے کی راہیں اختیار کر لیتے ہیں تب خدا تعالیٰ دوسری مرتبہ اپنی زبردست قدرت ظاہر کرتا ہے اور گرتی ہوئی جماعت کو سنبھال لیتا ہے۔"

(الوصیت)

بسم اللہ مجرھا و مرسھا

بفضل اللہ تعالیٰ مجلس انصاراللہ کینیڈا کا اولین ترجمان ''نحن انصار اللہ'' اپنی پہلی اشاعت کے ذریعے پرنٹ میڈیا کی شاہراہ پر اس عزم کے ساتھ اور اس مقصد کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے عازمِ سفر ہونے جا رہا ہے کہ:

۱۔ جماعت احمدیہ کی دعوتِ الی اللہ کی مہم اور علمی و قلمی جہاد میں انصاراللہ بھی اپنا مقدور بھر حصہ ڈال سکے۔

۲۔ کینیڈا کی جملہ مجالس انصاراللہ کی مختلف مجلسی سرگرمیوں ،اجتماعات اور ماہانہ کارگزاری رپورٹس کی کوریج کے ذریعے باہمی مسابقت کا جذبہ فزوں تر کرنے کی تحریک و امنگ پیدا کی جا سکے۔

۳۔ انصار بھائیوں کے علمی و ادبی ذوق کی تسکین کی خاطر جماعت احمدیہ کینیڈا کی دیگر ذیلی تنظیموں کے ترجمان جرائد کی طرح اس تنظیم کا بھی اپنا ایک الگ مجلّہ (جس کی ضرورت و اہمیت کافی مدت سے شدید طور پر محسوس کی جا رہی تھی) موجود ہو، تا کہ انصار بھائیوں کی زندگی کے بیتے سالوں میں پیش آنے والے دینی، علمی یا مختلف النوعیت دلچسپ واقعات (جو وقت کی دبیز تہوں میں دبے پڑے ہیں) دوسروں تک پہنچانے کا ایک مناسب پلیٹ فارم میسر آ جائے۔

۴۔ مذکورہ بالا بنیادی و اہم مقاصد کے ساتھ ساتھ اس مجلّے کے آغاز کا ایک مقصد یہ بھی ہے کہ جماعت احمدیہ کی روز افزوں ترقی پر حاسدین و معاندین احمدیت کے اس مخالفانہ پراپیگنڈے ،غلط فہمیوں پر مبنی مواد اور من گھڑت خبروں و بہتان طرازیوں کا موثر رنگ میں جواب دیا جا سکے جنہیں بعض جرائد محض شرارت اور سنسنی خیزی پیدا کرنے کی خاطر اچھالتے رہتے ہیں۔

اِن چند معروضات کے ساتھ انصار بھائیوں سے درخواست ہے کہ اب جبکہ دوستوں کی خواہش اور مطالبے پر ''نحن انصار اللہ'' کی اشاعت کا ڈول ڈال دیا گیا ہے، اب یہ مجلّہ آپ سب کی قلمی معاونت کا رہینِ منت ہے۔ یہ قطعاً ضروری نہیں کہ آپ بہت اچھا لکھنے والے یا منجھے ہوئے ادیب و شاعر ہوں۔ آپ اپنی زندگی میں پیش آنے والے واقعات ،جو دوسروں کی دلچسپی کے حامل ہوں یا اگر آپ نے خود احمدیت قبول کی تھی تو اس کا تذکرہ یقیناً پڑھنے والوں کے ازدیادِ ایمان کا باعث ہوگا۔ آپ بے شک سیدھے سادے الفاظ میں لکھ کر بھجوا دیجیے ،اس کی نوک پلک ادارہ خود درست کر لیا کریگا۔

بارگاہِ رب العزّت میں دعا ہے کہ وہ اس مجلّہ کے اجراء کو ہر خاص و عام کے لیے مفید، دلچسپ اور دعوت الی اللہ جیسے حقیقی و ارفع مقصد کے حصول کا پیش خیمہ ثابت فرمائے۔ آمین

اظہار تشکر

اس مجلّہ کے اجراء کے سلسلہ میں محترم امیر صاحب جماعت احمدیہ کینیڈا ،مولانا نسیم مہدی صاحب کی خاص الخاص مربیانہ سرپرستی ادارہ کے مسلسل شامل حال رہی، جس کے لئے ہم امیر صاحب کے از حد ممنون ہیں۔

اسی طرح اسکی تیاری کے مختلف مراحل میں بہت سے معاونین کی فنی معاونت بھی کارفرما رہی جس کے لیے ادارہ ان سب کا فرداً فرداً شکر گزار ہے۔ مزید برآں ان تمام دوستوں کا بھی بہت مشکور ہے جنہوں نے اپنی عدیم الفرصتی کے باوجود اپنے رشحاتِ قلم سے نوازا۔ امید ہے کہ قارئین اپنی آراء سے آگاہ فرمائیں گے۔ فی امان اللہ

ایڈیٹر ''نحن انصار اللہ''

پیغام ۔۔ محترم امیر صاحب جماعت احمدیہ کینیڈا

بسم اللہ الرحمن الرحیم　　نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم　　وعلیٰ عبدہ المسیح الموعود

خدا تعالیٰ کے فضل اور رحم کے ساتھ

ھوالناصر

برادرم مکرم صدر صاحب مجلس انصاراللہ کینیڈا

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مجھے یہ معلوم کر کے بڑی خوشی ہوئی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے مجلس انصاراللہ کینیڈا اپنا رسالہ ''نحن انصاراللہ'' کے نام سے شروع کر رہی ہے۔ الحمد للہ علیٰ ذالک ۔ اللہ تعالیٰ اس رسالہ کی اشاعت کو آپ سب کے لیے بہت بہت بابرکت فرمائے (آمین)

آپ نے رسالہ کا جو نام چنا ہے وہ بہت ہی مناسب ہے نحن انصاراللہ یعنی ہم اللہ تعالیٰ کے دین کے مددگار ہیں یا یہ کہ ہم اللہ تعالیٰ کے نوکر ہیں۔ ''نحن انصاراللہ'' کا لفظ قرآن کریم میں دو مرتبہ آیا ہے ،اول سورۃ آلِ عمران آیت ۵۳ میں اور دوسری مرتبہ سورۃ الصف آیت ۱۵ میں۔ دونوں جگہ یہ الفاظ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حواریوں نے استعمال فرمائے ہیں۔ سورۃ آلِ عمران میں یہ ذکر ہے کہ جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے محسوس فرمایا کہ لوگ ان کا انکار کریں گے تو آپ نے اپنے حواریوں سے پوچھا کہ خدا کے دین اور خدا تعالیٰ کے مقاصد کی تکمیل کے لیے کون ہیں جو میری مدد کریں گے اس پر حواریوں نے جواب دیا کہ ہم خدا کے دین کے مددگار ہیں دوسرے الفاظ میں انصاراللہ ہیں۔ لیکن سورۃ صف میں مسلمانوں کو یہ حکم ہے کہ تم انصاراللہ بن جاؤ اور پھر کما کا لفظ تشبیہ کے طور پر بیان فرمایا کہ جیسے حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنے حواریوں سے یہ سوال فرمایا تھا کہ کون خدا کی خاطر میرا مددگار ہے اور اس پر انھوں نے جواب دیا تھا کہ ہم انصاراللہ ہیں۔

اس لیے محض یہ سمجھنا کہ یہ گزشتہ تاریخ کا حوالہ ہے درست نہیں بلکہ مومنوں کو حکم ہے کہ وہ انصاراللہ بنیں ۔ اس زمانہ میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام مثیلِ عیسیٰ بن کر آئے ہیں اور ہم آپ کے پیروکار حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حواریوں کی طرح ہیں۔ جسطرح حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا مقام حضرت رسول اکرم ﷺ کا غلام ہونے کی وجہ سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے افضل ہے اسی طرح آپ کے ماننے والے بھی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ماننے والوں سے افضل ہیں۔ خود حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں ۔

ابن مریم کے ذکر کو چھوڑو

اس سے بہتر غلامِ احمد ہے

یہ بہتری اور افضلیت احمد ﷺ کے غلام ہونے کے وجہ سے ہے۔ اس لیے ہماری افضلیت بھی حضرت رسول اکرم ﷺ اور آپ کے روحانی فرزند حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی غلامی میں ہے۔ محض زبانی طور پر افضلیت کا اعلان کچھ معنی نہیں رکھتا۔ ہم نے اپنے قول اور فعل سے اور اپنی قربانیوں سے یہ ثابت کرنا ہے کہ ہم واقعی ان سے بڑھ کر ہیں۔ یہ ایک بہت بڑا دعویٰ ہے اور اس کے لیے ہمیں رات دن محنت کرنے کی ضرورت ہے۔

اللہ تعالیٰ ہمیں حقیقی معنوں میں انصاراللہ بننے کی توفیق دے اور پہلوں سے بہت بڑھ کر اور بہتر طور پر ''انصاراللہ'' بننے کی توفیق دے (آمین)

والسلام　　خاکسار　　نسیم مہدی

خلافت کی رہنمائی ہی کامیابی کی ضمانت ہے

مولانا محمد اسماعیل منیر

مجھے خوب یاد ہے عاجز ماریشس میں دوسری مرتبہ ۱۹۶۶ میں پہنچا تو وہاں انگریزوں سے آزاد ہونے کے نعرے لگ رہے تھے ۔ ہندوستانی وہاں کی کل آبادی ۷ لاکھ میں سے ۲۷ پریسنٹ تھے اور ان میں ہندوؤں کی کثرت تھی جو کل آبادی کا ۵۲ پریسنٹ بنتے تھے. وہ سب سے زیادہ دلچسپی آزادی حاصل کرنے میں لے رہے تھے . جبکہ عیسائی اور مسلمان ہندوؤں کی حکومت سے خائف تھے کہ کہیں وہ انڈیا کے کنٹرول میں ہی نہ چلے جائیں۔ بہر حال انگریزوں نے آزادی کے مطالبہ کے سامنے دوسرے ممالک کی طرح یہاں بھی اپنا سر جھکا دیا اور برطانیہ کے انڈر سیکرٹری ۱۹۶۷ کے اگست میں ماریشس بنفس نفیس پہنچے. تا مقامی نمائندوں کے ساتھ آزادی کی تاریخ مقرر کر سکیں جو باہمی مشورہ سے ۱۲ مارچ ۱۹۶۸ مقرر ہوئی اور اسکا اعلان ایک پریس کانفرنس میں برطانیہ کے نمائندہ جان اسٹون ہاؤس نے کیا۔

اس موقع پر عاجز نے انہیں مبارک باد دی اور احمدیہ جماعت کی طرف سے قرآن مجید ترجمہ انگریزی بطور تحفہ پیش کیا جسے انہوں نے بصد شکریہ قبول فرمایا۔

آزادی کی تاریخ مقرر ہونے پر حکومتی پارٹی نے جشن آزادی منانے کے لئے انتظامات شروع کر دیئے اور مخالف لوگوں نے مخالفت میں حد کردی۔ حتیٰ کہ انہوں نے یہ افواہ بھی پھیلا دی کہ ماریشس تو صرف پچیس تیس میل پر مشتمل جزیرہ ہے اسکو ہم بموں سے اڑا دیں گے تو آزادی کے خواہاں بھی ساتھ ہی ڈوب جائیں گے۔ طرفین کی کاروائیاں دن بدن زور پکڑنے لگیں ہمیں فکر ہوا کہ ہم کیا کریں جس پر سوچا اور بہت سوچنے کے بعد حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثالث کی خدمت میں رہنمائی کے لئے خط لکھا جس کا جواب فوراً ملا کہ آزادی تو ہر انسان کا بنیادی حق ہے آپ جشن آزادی میں خوب حصہ لیں۔ عاجز نے اس خط کے ملنے پر فوری طور پر جماعت احمدیہ کے جشن آزادی کے پروگرام پر مشتمل ایک پریس ریلیز بھجوا دیا اور وہ ملک کے سب اخباروں میں نمایاں طور پر شائع ہو گیا کہ احمدیہ جماعت دس مختلف طریقوں سے جشن آزادی منائے گی۔ سب سے اہم پروگرام ۱۲ مارچ جشن آزادی کے دن نماز تہجد با جماعت میں دعاؤں کا تھا، دوسرا اہم پروگرام ہماری مرکزی مسجد ''دارالسلام'' روز ہل میں اجلاس عام کا تھا جسمیں وزیر اعظم کی نمائندگی انکے وزیر مالیات آنریبل رنگاڈو نے کی اور وہ احمدیوں کے جذبات تشکر سے بہت خوش ہوئے۔ گویا ۱۲ مارچ کا دن سب احمدیوں نے مختلف جماعتی پروگراموں میں گزارا اور سب خوش تھے کہ انہیں حضرت خلیفۃ المسیح کی رہنمائی سے اپنے ملک کی آزادی کے موقع پر خوب جشن منانے کا موقع ملا ہے جس کے نتائج یہ ہوئے کہ حکومت کی نظر میں احمدیوں کو وفا شعار اور با اعتماد شہری سمجھا جانے لگا اور جب بھی جہاں بھی کسی احمدی نے سرکاری اسامی کے لئے درخواست دی اسکو قبول کیا گیا اور دیکھتے ہی دیکھتے احمدی مختلف اہم سرکاری پوسٹوں پر نظر آنے لگے۔ جہاں ان کی محنت اور دیانت داری نے ان کو شاندار کامیابیوں سے نوازا اور دوسری طرف حکومت کے مخالف مسلمانوں اور عیسائیوں کا یہ حال ہوا کہ انکے درمیان فسادات کروا دیئے گئے اور دو تین ہفتوں میں کم و بیش ۱۰۰ انسانوں کو موت کے گھاٹ اتار دیا گیا۔ سنگاپور سے برٹش فوج بلوائی گئی جس نے فسادات پر کنٹرول کرنے میں مدد دی اور مسلمانوں نے مار کھا کر جشن آزادی میں آگے بڑھ بڑھ کر حصہ لینے کی کوشش کی مگر بے وفائی کا داغ جو ان پر لگ چکا تھا اسکو نہ دھو سکے اور اسکی وجہ سے وہ کئی سہولیات سے محروم رہتے چلے گئے۔

ماریشس کی جماعت احمدیہ نے نہ صرف جشن آزادی میں خوب حصہ لیا بلکہ

ان فسادات کے موقع پر ایک انٹر ریلجیس کمیٹی بنا کر اپنے ہیڈ کوارٹرز ''دار السلام'' مسجد میں ریفیوجی سنٹر بھی کھول دیا جہاں سے ہزاروں لوگوں کی کھانے پینے میں کئی دن تک مدد جاری رہی اور جو لوگ اجڑ کر کپڑوں کے بغیر گھروں سے نکلے تھے ان کو لباس بھی مہیا کئے گئے .جن کے مکانوں کو نقصان پہنچا تھا ۔وقارعمل کے ذریعہ ان کی مرمت کروائی گئی ہماری اس مساعی کا نیک اثر عوام کے علاوہ خواص اور حکومتی طبقہ پر بھی ہوا۔ ہر ایک نے ہماری دل کھول کر مدد کی جسکو آگے ضرورتمندوں تک ہمارے خدام اور لجنات نے بہتر رنگ میں پہنچایا اور جب کچھ امن ہو گیا تو پھر ہم نے اس امن کو مستقل رنگ دینے کے لئے ایک عظیم الشان جلسہ ''یوم پیشوایان مذاہب'' کا ماریشس کے سب سے بڑے پبلک ہال پلازہ روز ہل میں منعقد کیا جس کی صدارت ملک کے وزیراعظم سر سیوساگررام غلام نے کی اور اس وقت کے انگریز گورنر جنرل سر لیونارڈ ولیمس بھی سامعین میں شامل تھے ان سب لیڈروں نے اس موقع پر لگائی گئی ایک مختصر سی ''قرآنی نمائش'' کو دیکھ کر خوشی کا اظہار کیا اور اپنے لئے بعض کتب کا انتخاب بھی کیا اور بار بار جماعت احمدیہ کا شکریہ ادا کیا جس نے بچھڑے دلوں کو اس جلسہ کے ذریعہ پھر ملوا دیا اور باہمی رواداری کی فضا قائم کر دی بلکہ ایسے جلسوں کو بار بار منعقد کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ ہمارے ان کاموں کا اثر بیس سال کے بعد جب ہمارے موجودہ امام حضرت مرزا طاہر احمد خلیفۃ المسیح الرابع ایدۃ اللہ تعالیٰ ماریشس گئے تو انہوں نے عوام و خواص سے ان کاموں کے نیک اثرات کا ذکر سنا اور پھر اپنے خطبہ جمعہ میں بھی خوشنودی کا اظہار فرمایا ۔صرف میرے پر ہی نہیں بلکہ میرے بیٹے الیاس منیر پر بھی جو اسوقت اسیران راہ مولیٰ ساہیوال میں شامل تھا۔

ماریشس کے جشن آزادی ۱۹۶۸ کے موقعہ پر پیارے آقا کی دو سطروں کی رھنمائی نے ہم سے وہ کام کروائے جنکی وجہ سے جماعت احمدیہ کی دھاک اہل ماریشس پر بیٹھ گئی۔ اور ہمارے اچھے کاموں کی تقلید کرنے لگے بلکہ مزید رہنمائی کے لئے ہماری طرف دیکھنے لگے۔ اس پر عاجز نے ماریشس ٹی وی سے ہفتہ وار لیکچرز کا سلسلہ شروع کیا کہ ہم اپنی آزادی سے کس طرح فائدہ اٹھا سکتے ہیں اور قرآنی روشنی میں انہیں ایسے اصول بتائے جنکو ہندو نوجوانوں نے ریکارڈ کیا۔ اور پھر اپنی مجلسوں میں بار بار سنتے اور ان سے استفادہ کے پروگرام بناتے وہاں کے پریس نے بھی ہماری طرف توجہ دینی شروع کی جو پہلے بالکل مفقود تھی جس کا ایک نمونہ یہ تھا کہ ہم نے ایک قرآنی نمائش لگائی جو ہفتہ بھر جاری رہی ۔وہاں کے ۸ عام روزناموں میں ہر روز ہماری نمائش کی خبریں چھپتیں۔ زائرین کے تبصرے چھپتے۔ قرآن مجید کی خوبیوں پر مضامین تو ہر روز آتے اور یہی حال ریڈیو ٹی وی کا تھا جس نے وہاں کی مختلف زبانوں میں قرآن مجید پر لیکچر نشر کئے اور انہی اخباری بلیٹن میں ہر روز نمائش کا کسی نہ کسی رنگ میں ذکر ضرور ہوتا۔ ان تراشوں پر مشتمل ہمارا رجسٹر بھی کافی موٹا اور وزنی ہو گیا تھا جسے دیکھ کر ایک سرکاری افسر نے پوچھا کہ اتنی پبلٹی تو کسی سرکاری منصوبے کی بھی نہیں ہوتی آپ نے کیسے کروالی ہمارا جواب یہی تھا ذلک فضل اللہ اور ہمارے خلیفہ کی رہنمائی۔

اللہ تعالیٰ ہمیں خلافت کی نعمت سے خوب استفادہ کرنے کی توفیق دے خصوصاً دعوت الی اللہ کے میدان میں ہمیں اپنے پیارے خلیفۃ المسیح کے مقررہ ٹارگٹ کے حصول کے لئے دن رات ایک کردیں تو ہمارے گھر برکتوں سے بھر جائیں گے اور ہم ہر میدان میں اللہ تعالیٰ کی نصرت پاکر کامیاب و کامران ہونگے۔ انشاء اللہ

واجب الاطاعت امام کی اہمیت

مولانا ابوالکلام آزاد کے رشحات قلم

" تمام لوگ کسی ایک صاحب علم و عمل مسلمان پر جمع ہو جائیں اور وہ ان کا امام ہو وہ جو کچھ تعلیم دے ایمان و صداقت کے ساتھ قبول کریں ۔ قرآن و سنت کے ماتحت جو کچھ احکام ہوں ان کی بلا چوں و چرا تعمیل و اطاعت کریں ۔ سب کی زبانیں گونگی ہوں صرف اسی کی زبان گویا ہو ۔ سب کے دماغ بیکار ہو جائیں صرف اسی کا دماغ کار فرما ہو ۔ لوگوں کے پاس نہ زبان ہو نہ دماغ ۔ صرف دل ہو جو قبول کرے ۔ صرف ہاتھ پاؤں ہوں جو عمل کریں ۔ اگر ایسا نہیں ہے تو ایک بھیڑ ہے ، ایک انبوہ ہے ، جانوروں کا ایک جنگل ہے ، کنکر پتھر کا ایک ڈھیر ہے مگر نہ تو " جماعت " نہ " قوم " نہ " اجتماع " اینٹیں ہیں مگر دیوار نہیں ۔ کنکر ہیں مگر پہاڑ نہیں ۔ قطرے ہیں مگر دریا نہیں ۔ کڑیاں ہیں جو ٹکڑے ٹکڑے کر دی جا سکتی ہیں ۔ مگر زنجیر نہیں ہے جو بڑے بڑے جہازوں کو گرفتار کر سکتی ہے ۔"

(مسئلہ خلافت ۔ دہلی : اعتقاد پبلشنگ ہاؤس ، صفحہ 314)

مشاہدات و تاثرات

مظاہرِ فطرت میں ظہورِ باری تعالیٰ

ملک لال خان
(مجلس وان)

(صبح کی سیر بر موقع اجتماع انصار اللہ بیت الاسلام کینیڈا،۲۶ستمبر ۱۹۹۹ء)

آج پھر صبح خزاں کی خنکی میں بھیگی ہوئی تھی ، چودھویں کا چاند مغرب میں غروب کی تیاری کر رہا تھا اور مشرق میں شفق طلوع ہونے والے سورج کے استقبال میں سرخ لبادہ اوڑھے تھی۔ بیت الاسلام کے مغرب میں پھیلا ہوا سبزہ زار سیر پر آنے والے انصار کا منتظر تھا ، مگر بوجھل آنکھوں اور جھکے ہوئے چہروں والے انصار کے لئے یہ فیصلہ بہت مشکل بن رہا تھا کہ سیر کے لئے نکلیں یا چند گھنٹے مزید آرام کر کے نیند پوری کرلیں۔

صاف آسمان پر پورے چاند کا نظارہ ایک شاعر کو اپنے محبوب کا حسین چہرہ یاد دلاتا ہے اور عارف باللہ کو اس میں جمال یار کا کچھ کچھ نشان نظر آتا ہے سطحی نظر رکھنے والے ناظر کی آنکھیں چاندنی سے لطف تو اٹھاتی ہیں مگر اس چاند کو خود دیکھنے سے عاجز رہ جاتی ہیں جو اس کائنات کا نور ہے۔

کوہ ہمالیہ کی جنوبی ڈھلوانوں میں واقع ایک خوبصورت وادی ڈلہوزی میں جانے والے سیاح وہاں کے بہتے چشموں کے ساز اور ہر سمت پھیلتے ہوئے دلفریب سبزوں سے راحت پاتے اور فطرت کے اس انتہائی حسین شاہکار کے حسن سے مسحور ہوتے ہیں ۔ اس نظارہ کو جب حضرت مسیح موعود علیہ السلام اپنے سفر ڈلہوزی میں دیکھتے ہیں تو حضور علیہ السلام کی روح اس خالق حقیقی کے حسن کے تصور سے وجد میں آجاتی ہے اور حضور کا دل اور جسم دونوں اپنے محبوب ازلی کی یاد میں اور اس کی عبادت میں اپنی لذت کا معراج پاتے ہیں۔

حضرت سلیمانؑ نے جہاد کی غرض سے پالے ہوئے اپنے اعلیٰ نسل کے خوبصورت گھوڑوں کا معائنہ فرمایا تو دل ان خوبصورت گھوڑوں کے پیدا کرنے والے آقا کی یاد میں ایسا محو ہوا کہ گھوڑے گزرتے گئے اور حضرت سلیمان اس محویت کے عالم میں اپنے آقا کے حضور سجدہ میں گرے رہے جب ہوش آیا تو گھوڑے گزر چکے تھے اور دل اپنے رب رحیم ودود کی تسبیح وتحمید کی لذت سے بھرا ہوا تھا فرمایا گھوڑوں کو واپس لاؤ ان کے چہروں اور گردنوں پر پیار سے تھپکیاں دیتے ہوئے فرمایا ،میں خوبصورت چیزوں سے اس لئے پیار کرتا ہوں کہ وہ مجھے میرے پروردگار کی یاد دلاتی ہیں۔

زمین وآسمان کی پیدائش اور رات اور دن کے آگے پیچھے آنے میں عقلمندوں کے لئے کئی نشانات ہیں وہ عقلمند جو ان نشانات کو دیکھتے ہیں تو سطحی نظر سے نہیں دیکھتے بلکہ ان مظاہر فطرت کے پیچھے ان کے خالق کے ہاتھ کو پہچانتے ہیں اور یہ پہچان ان کے دلوں میں اپنے پروردگار کے لئے محبت کے جذبات پیدا کر دیتی ہے اور وہ فرط محبت سے اسے یاد کرتے ہیں وہ کھڑے ہوں یا بیٹھے یا لیٹے ہوئے ہوں ان کا دل اپنے پروردگار کی یاد میں گداز رہتا ہے اور وہ اس کے احسانات کو یاد کرتے جاتے ہیں اور اس کی حمد کے گیت گاتے جاتے ہیں خالق حقیقی کی صنعت پر غور بالآخر انہیں اس نتیجہ پر پہنچاتا ہے وہ کہہ اٹھتے ہیں

ربنا ما خلقت هذا باطلاً

اے ہمارے پروردگار تو نے اس کائنات کو بغیر اعلیٰ مقصد کے پیدا نہیں فرمایا سبحانک ! تو ایسی اعلیٰ شان رکھتا ہے کہ ایسا کرنا تیری شان سے بہت بعید ہے۔

فقینا عذاباً نار۔

تو ایسا فرما کہ ہم اس مقصد کے مطابق عمل کرنے والے ہوں اور اس مقصد کے خلاف عمل کر کے تیری ناراضگی کی آگ کے مستحق نہ بنیں۔

اللہ تعالیٰ ہمیں توفیق عطا فرمائے کہ چمکتے ہوئے سورج کی کرنیں صرف ہماری آنکھوں ہی کو نہ چندھائیں بلکہ یہ کرنیں ہمارے دل کی گہرائی میں پہنچ کر ہمارے پروردگار کی محبت کے خوابیدہ جذبات کو ایسا انگیخت کریں کہ ہماری روح اسکی عظمت کے احساس سے کانپ جائے اور ہمارا دل اسکی محبت کے جذبات سے سرشار ہوجائے ۔ اس طرح ہر دوسرا مظہر فطرت

ہمارے حواس ظاہری پر ہی اثر انداز نہ ہو بلکہ اس کا ہر نظارہ ہمیں ان ا
ولوالالباب میں شامل پائے جو بے ساختہ پکار اٹھیں
ربناماخلقت ھذا با طلاً۔ فقینا عذا بًا نار۔ آمین

قدرت سے اپنی ذات کی دیتا ہے حق ثبوت
اس بے نشاں کی جلوہ نمائی یہی تو ہے
جس بات کو کہے کہ کروں گا نیں یہ ضرور
ٹلتی نہیں وہ بات خدائی یہی تو ہے

منظوم کلام حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز۔

بزبان حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام

نعت

آزاد تیرا فیض زمانے کی قید سے
برسے ہے شرق و غرب پہ یکساں ترا کرم

تُو مشرقی نہ مغربی اے نورِ شش جہات
تیرا وطن عرب ہے نہ تیرا وطن عجم

تُو نے مجھے خرید لیا اِک نگہ کے ساتھ
اب تُو ہی تُو ہے تیرے سوا میں ہوں کالعدم

ہر لحظہ بڑھ رہا ہے مرا تجھ سے پیار دیکھ
سانسوں میں بس رہا ہے تیرا عشق دم بدم

میری ہر ایک راہ تری سمت ہے رواں
تیرے حضور اُٹھ رہا ہے میرا ہر قدم

اے کاش مجھ میں قوّتِ پرواز ہو تو میں
اُڑتے ہوئے بڑھوں تری جانب سُوئے حرم

تیرا ہی فیض ہے جو متاعِ حیات ہے
ایں چشمۂ رواں کہ بخلقِ خدا دہم

یک قطرۂ زبحرِ کمالِ محمدؐ است

جان و دلم فدائے جمالِ محمدؐ است

خاکم نثار کوچۂ آلِ محمدؐ است

('الفرقان' فروری ۱۹۷۶ء)

مجلس انصاراللہ مرکزیہ سے وابستہ یادیں

کرنل (ریٹائرڈ) دلدار احمد۔ (نیشنل قائد تبلیغ مجلس انصاراللہ کینیڈا)

خاکسار جب ۱۹۸۱ میں فوج سے ریٹائرڈ ہوا تو جس طرح اگلی تعیناتی کے آرڈر پہلے سے تیار ہوتے ہیں میرے اگلے جماعتی عہدہ کے آرڈر تیار تھے کہ تم کو ناظم مجلس انصاراللہ ضلع راولپنڈی مقرر کیا گیا ہے۔

راولپنڈی میں مجلس انصاراللہ کا سالانہ ضلعی اجتماع عموماً اکتوبر کے مہینہ میں ہوا کرتا تھا اور خاکسار نے اکتوبر میں ہی چارج سنبھالا تھا تو بمطابق محاورہ ''سر منڈاتے ہی اولے پڑے'' فوراً ہی اجتماع کی تیاری سر پر آن پڑی۔ چنانچہ پروگرام بنا کر حضرت مرزا طاہر احمد خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرالعزیز جو اس وقت ابھی خلیفہ نہیں تھے اور صدر مجلس انصاراللہ مرکزیہ تھے کو اطلاع دینے کے لئے ٹیلیفون کیا تو جواب ملا ''طاہر احمد'' خاکسار گھبرا گیا کیونکہ فوج میں یہی روٹین تھی کہ بڑے افسر کو فون سے پہلے اس کے پی اے یا کسی ماتحت سے بات ہوتی اور پھر وہ افسر اعلیٰ کو فون ملاتا۔ اتنے میں فون کرنے والا، مخاطب افسر کی حیثیت کے مطابق اس سے مخاطب ہونے کی تیاری کر لیتا۔

لیکن یہاں تو افسر اعلیٰ براہ راست بول رہے تھے اس لئے شروع میں میں کچھ بوکھلا سا گیا کہ یہ ''طاہر احمد'' کون ہیں کیونکہ عموماً بڑے افسر اپنے عہدہ کے مطابق مخاطب ہوتے ہیں کہ میں فلاں ڈائریکٹر بول رہا ہوں یا فلاں تنظیم کا صدر ہوں۔ کیا یہ ''طاہر احمد'' آپ خود ہی ہیں۔ بہر حال کچھ حواس جمع کئے اور اس بوکھلاہٹ میں جو بھی جواب بن پڑا، دیا۔ آپ نے ارشاد فرمایا '' پروگرام کیا ہے ؟'' خاکسار نے جلدی جلدی سارا پروگرام پڑھ سنایا۔ آپ نے ارشاد فرمایا ''ٹھیک ہے میں فلاں وقت پہنچ جاؤں گا''۔

آپ اجتماع کے اختتامی اجلاس میں کرسی صدارت پر رونق افروز تھے اور خاکسار اپنی رپورٹ پڑھ کر سنا رہا تھا جس کے بعد آپ نے اپنی صدارتی خطاب میں خاکسار جو نیا نیا ناظم ضلع بنا تھا، کی حوصلہ افزائی فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ دلدار احمد کے ناظم ضلع بننے سے مجلس راولپنڈی میں بیداری پیدا ہوئی ہے لیکن آپ کی مجلس کی دعوۃ الی اللہ کی طرف ابھی تک توجہ نہیں ہے۔ خاکسار نے آپکے اس ارشاد کو پلّے باندھ لیا اور فوراً تیاری شروع کر دی اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے اگلے ہی ہفتہ غیر احمدیوں کی بس بھر کر ربوہ پہنچ گیا۔ رات دارالضیافت میں قیام تھا۔ نماز فجر مسجد مبارک میں ادا کی اور صدر صاحب مجلس انصاراللہ کو نماز سے فارغ ہو کر جاتے دیکھا اور جلدی سے ان کے پاس پہنچا کہ میاں صاحب میں غیر احمدیوں کی بس لے آیا ہوں آپ نے فرمایا ''ٹھیک ہے میں ۹ بجے پہنچ جاؤں گا''۔

ہم نے غیر از جماعت مہمانوں کو ۹ بجے سے قبل ناشتہ وغیرہ کے بعد بہشتی مقبرہ اور دفاتر صدر انجمن احمدیہ کی سیر کرائی اور ۹ بجے سے قبل خاکسار مہمانوں کو دارالضیافت کے وسیع ہال میں بٹھا کر صدر مجلس انصاراللہ کے استقبال کی غرض سے دارالضیافت کے دفتر کے باہر کھڑا ہو گیا۔

تھوڑی ہی دیر میں مکرم صدر صاحب کو سائیکل پر آتے دیکھا اور ارادہ کیا کہ میں ان کے نزدیک اور مناسب فاصلہ پر آتے ہی السلام علیکم کہوں گا لیکن میں ابھی سوچ ہی رہا تھا کہ آپ نے السلام علیکم کہہ دیا۔ میں نے آگے بڑھ کر مصافحہ کیا اور عرض کیا کہ میں تمام وقت سوچتا رہا ہوں کہ میں پہلے السلام علیکم کہوں گا لیکن پہل آپ نے ہی کی۔ آپ نے نہایت ہی دلکش آواز میں فرمایا ''حالانکہ یہ خاصہ آپکے خاندان کا ہے'' (اس عاجز کی عزّت افزائی فرماتے ہوئے آپ نے یہ فرمایا اور آپکا اشارہ اس طرف تھا کہ حضرت مولوی شیر علیؓ جن سے اس عاجز کا تعلق ہے ہمیشہ السلام علیکم میں پہل کرنے میں بہت مشہور تھے)۔

دو گھنٹے تک آپ نے ان غیر از جماعت مہمانوں کے سوالوں کے اتنے مدلّل اور شاندار طریقہ سے جواب دیئے کہ بفضل اللہ تعالیٰ چھ بیعتیں وہیں ہو گئیں۔ فالحمد اللہ علیٰ ذالک۔

اسکے بعد حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ؒ کے حضور پیش ہوئے، آپ نے نہایت شفقت بھرا خطاب فرمایا۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ؒ کا ایک ارشاد تھا کہ خدام کی طرح انصار بھی حسب توفیق مرکزی اجتماع کے موقعہ پر سائیکلوں پر ربوہ آئیں۔ اس سے قبل غالباً پہاڑی علاقہ ہونے کے باعث راولپنڈی کے انصار اجتماع پر ربوہ سائیکلوں پر نہیں گئے تھے۔ خاکسار نے اس کی ترغیب دینے کیلئے انصار سائیکل سواروں کی ایک ٹیم تیار کی اور اپنی سربراہی میں راولپنڈی سے ٹیکسلا اور وہاں سے ہری پور روڈ پر ایک گاؤں جہاں صرف ایک احمدی گھر تھا جانے کا پروگرام بنایا۔ مجلس انصاراللہ واہ کینٹ بھی ضلع کی مجالس میں شامل تھی۔ وہاں پر متعین مربی سلسلہ مولانا دین محمد شاہد کی رہنمائی میں کینٹ کے انصار نے ہم سے ٹیکسلا میوزیم پر ملنا تھا اور وہاں سے اکھٹے ہری پور روڈ جانا تھا۔

ہم ۲۵ انصاراللہ کا وفد جس میں خاکسار بھی شامل تھا سائیکل سفر پر روانہ ہوئے۔ ٹیکسلا میں واہ کینٹ کے انصار مولانا دین محمد شاہد کے ساتھ میوزیم کے زائرین کی دعوۃ الی اللہ میں مصروف تھے ۔ وہاں سے ہم سب اکٹھے روانہ ہوکر اس گاؤں جہاں ایک ہی احمدی گھر تھا اور اسکی حوصلہ افزائی بھی مقصود تھی پہنچا۔ اجتماعی کھانے کا انتظام کیا گیا تھا۔ جمعہ کا دن تھا۔ مولانا صاحب نے جمعہ پڑھایا اور اسکے بعد ہم وہاں پر مدفون ایک احمدی صحابی کی قبر پر بغرض دعا گئے ، بہت بابرکت سفر تھا۔ اس سائیکل سفر کا یہ فائدہ ہوا کہ اگلے مرکزی اجتماع پر راولپنڈی سے پندرہ انصار کا ایک وفد سائیکلوں پر ربوہ گیا۔ اور اس طرح راولپنڈی کے انصار بھی اس سال سے باقاعدگی کے ساتھ اجتماع پر سائیکلوں پر ربوہ جانے لگے۔ مجلس انصاراللہ مرکزیہ کے سالانہ اجتماع کے موقعہ پر اس عاجز کو اجتماع کے ایک اجلاس کی صدارت کا اعزاز نصیب ہوا۔ یہ اجلاس بہت ہی ایمان افروز اور بابرکت تھا۔ اس اجلاس میں حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کے تین صحابہ نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے ساتھ گزرے ہوئے چشم دید واقعات سنائے اور سامعین پر ایک وجد کی کیفیت طاری کر دی۔ ان صحابہ میں حضرت مولوی محمد حسین ؓ سبز پگڑی والے بھی موجود تھے ۔ انہوں نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے بکسوں، جنکی چابیاں گم ہوگئی تھیں اور انہوں نے وہ تالے اپنے اوزاروں سے کھولے تھے، کا دلچسپ واقعہ سنایا جو کہ بہت ہی دلنشیں تھا۔

فوجی ملازمت سے ریٹائر ہونے کے بعد میں نے ایک نیم فوجی ادارے ''فوجی فاؤنڈیشن'' میں ملازمت اختیار کرلی تھی اور شروع کے چھ ماہ پروبیشن پیریڈ پر تھا۔ خاکسار کے سپرد چونکہ ناظم ضلع انصار اللہ کے ساتھ ساتھ نائب امیر کے فرائض بھی تھے اس لئے کبھی کبھار دفتر میں کسی دوست کا فون آجاتا۔ اتنی بات جو عام حالات میں کبھی بھی قابل اعتراض نہیں ہو سکتی تھی کا بہانا بنا کر میرے باس جو ایک ریٹائرڈ بریگیڈیر تھے نے میرے خلاف لمبی رپورٹ لکھی کہ اس کو تو کمیونٹی کے کاموں سے فرصت ہی نہیں اس نے فاؤنڈیشن کا کام کیا کرنا ہے۔ اس رپورٹ پر ہیڈ کوارٹر نے مجھے فارغ تو نہ کیا لیکن مجھے آخری چانس دیتے ہوئے میرا پروبیشن پیریڈ تین ماہ مزید بڑھا دیا۔ ان تین ماہ کے دوران خدا کا کرنا یہ ہوا کہ ایک روز میں دفتر میں دیر تک کام کر رہا تھا کہ شام ہوگئی۔ سب عملہ جاچکا تھا۔ جب میں گاڑی پر روانہ ہوا تو دیکھا کہ میرے وہی باس بریگیڈیر اپنی گاڑی کا بونٹ اٹھائے اسکے انجن میں گھسے ہوئے ہیں۔ پہلے تو میں نے سوچا کہ اسکی مدد کو کیوں جاؤں جبکہ اس نے مجھ سے ناحق دشمنی کی ہے لیکن پھر یہ دیکھتے ہوئے کہ اندھیرا چھا گیا ہے اور اس نے اسلام آباد جانا ہے اور آس پاس اور کوئی شخص نہیں اس کے پاس گیا اور پوچھا کہ کیا میں کوئی مدد کر سکتا ہوں۔ اس نے ایک پرزہ دکھایا کہ اگر یہ کہیں سے ویلڈ ہوجائے تو کام بن جائیگا۔ میں گیا اور وہ پرزہ ویلڈ کر والایا۔ جس سے کار سٹارٹ ہوگئی اور بریگیڈیر خوش خوش روانہ ہوگئے ۔ اس دن سے وہ مجھ پر بہت مہربان ہوگئے اور دوسال بعد جب میں راولپنڈی سے لاہور ٹرانسفر ہونا چاہتا تھا تو خود میری درخواست لے کر ہیڈ کوارٹر گئے اور میری تبدیلی بمعہ ترقی کے آرڈر لے آئے۔

لاہور پہنچنے پر جو یہاں پر باس تھے انہوں نے پہلی ملاقات کے دوران دفتری امور سمجھانے کے بعد کہا کہ راولپنڈی ہیڈ کوارٹر سے تمہارے متعلق تمہاری جماعتی کاموں میں حصہ لینے کے بارہ میں مفصل رپورٹ بھی موصول ہوئی ہے میں نے کہا کہ راولپنڈی میں میرے سپرد کچھ ذمہ داریاں

تھیں جو یہاں نہیں ہیں اسلئے آپکو فکر کی ضرورت نہیں۔

لیکن اللہ تعالیٰ کے فضل سے چند ماہ بعد ہی اس عاجز کو ناظم ضلع انصاراللہ لاہور اور نائب امیر جماعت احمدیہ لاہور مقرر کر دیا گیا اور اسکے ساتھ ہی اللہ تعالیٰ نے مجھ پر یہ مزید فضل فرمایا کہ دفتر میں میں اپنے اس باس سے انڈیپنڈنٹ ہوگیا۔

بفضل تعالیٰ پہلے سال ہی نظامت مجلس انصاراللہ ضلع لاہور کارکردگی کے لحاظ سے اوّل قرار دی گئی اور حضرت مرزا عبدالحق صاحب صوبائی امیر نے حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح کے نمائندہ کے طور پر اس عاجز کو اس بارہ میں سند خوشنودی عطا فرمائی۔ یہ غالباً ۱۹۸۵ یا ۱۹۸۶ کا سال تھا۔ اسکے بعد ۱۹۹۰ میں کینیڈا آنے سے قبل تک حسب توفیق بطور ناظم ضلع مجلس انصاراللہ لاہور اور نائب امیر جماعت احمدیہ لاہور خدمت دین بجا لاتا رہا اور یہ محض اللہ تعالیٰ کا فضل تھا کہ مجلس انصاراللہ ضلع لاہور ہر سال ہی اوّل یا دوم قرار دی جاتی رہی۔ خصوصاً ۱۹۸۹ یعنی صد سالہ جوبلی کے سال مجلس لاہور پاکستان کی تمام مجالس میں سے اوّل پوزیشن کی حقدار قرار دی گئی۔

فالحمدللہ علیٰ ذالک۔

انصاراللہ کی چار اہم ذمہ داریاں

" اوّل :- اسلام اور احمدیت کی مضبوطی کے لئے جدوجہد کرنا۔

دوم :- اسلام اور احمدیت کی اشاعت کے لئے جدوجہد کرنا۔

سوم :- نظامِ خلافت کے لئے جدوجہد کرنا۔

چہارم :- خلافت سے دلی وابستگی پیدا کرنے کے لئے اپنی اولادوں کو بھی تلقین کرتے رہنا۔"

انصاراللہ روزانہ نصف گھنٹہ وقت دیں

" ان کے لئے بھی لازمی ہوگا کہ وہ روزانہ آدھ گھنٹہ خدمتِ دین کے لئے وقف کریں۔"

خطبہ جمعہ فرمودہ ۲۶ جولائی ۱۹۴۰ء
(الفضل قادیان مطبوعہ یکم اگست ۱۹۴۰ء)

تنظیم انصاراللہ کی غرض!

" میری غرض انصاراللہ اور خدام الاحمدیہ کی تنظیم سے یہ ہے کہ عمارت کی چاروں دیواروں کو مکمل کروں۔ ایک دیوار انصاراللہ ہیں۔ دوسری دیوار خدام الاحمدیہ ہیں۔ تیسری دیوار اطفال الاحمدیہ ہیں۔ اور چوتھی دیوار لجنات اماء اللہ ہیں۔ اگر یہ چاروں دیواریں ایک دوسرے سے علیحدہ ہیں تو یہ لازمی بات ہے کہ عمارت کھڑی نہیں ہو سکے گی۔"

(الفضل مطبوعہ ۳۰ جولائی ۱۹۴۵ء)

اعمال کا محاسبہ کریں

" انصاراللہ پر بہت بڑی ذمہ داری ہے۔ وہ اپنی عمر کے آخری حصہ میں سے گزر رہے ہیں۔ اور یہ آخری حصہ وہ ہوتا ہے جب انسان دُنیا کو چھوڑ کر اگلے جہان جانے کی فکر میں ہوتا ہے اور جب کوئی انسان اگلے جہان جا رہا ہو تو اُس وقت اُسے اپنے حساب کی صفائی کا بہت زیادہ خیال ہوتا ہے۔ اور وہ ڈرتا ہے کہ کہیں وہ ایسی حالت میں دُنیا سے کوچ نہ کر جائے کہ اس کا حساب گندہ ہو۔ اُس کے اعمال خراب ہوں۔ اور اس کے پاس وہ زادِ راہ نہ ہو جو اگلے جہان میں کام آنے والا ہے۔ جب احمدیت کی غرض یہی ہے کہ بندے اور خدا کا تعلق درست ہو جائے تو ایسی عمر میں اور عمر کے ایسے حصہ میں اس کا جس قدر احساس ایک مومن کو ہونا چاہیئے وہ کسی شخص سے مخفی نہیں ہو سکتا۔ نوجوان تو یہ خیال بھی کر سکتے ہیں کہ اگر ہم سے خدمتِ خلق میں کوتاہی ہوئی تو انصاراللہ اس کام کو ٹھیک کر لیں گے۔ مگر انصاراللہ کس پر انحصار کر سکتے ہیں۔ وہ اگر اپنے فرائض کی ادائیگی میں کوتاہی سے کام لیں گے، وہ اگر دین کی محبت اپنے نفوس میں اور پھر تمام دُنیا کے قلوب پر پیدا کرنے میں کامیاب نہ ہوں گے، وہ اگر احمدیت کی اشاعت کو اپنا اوّلین مقصد قرار نہ دیں گے، اور وہ اگر اس حقیقت سے اغماض کریں گے کہ انہوں نے اسلام کو دُنیا پر پھر زندہ کرنا ہے تو انصاراللہ کی عمر کے بعد اور کونسی عمر ہے جس میں وہ یہ کام کریں گے۔"

خطبہ جمعہ فرمودہ ۲۲ اکتوبر ۱۹۴۳ء
(الفضل قادیان مطبوعہ ۱۷ نومبر ۱۹۴۳ء)

ڈھول کا پول۔۔۔ایک مقدمے کی دلچسپ روئیداد

ملک محمود مجید (ایڈوکیٹ)

........جب ایک مشہور معاند احمدیت کے تجرعلمی کا پول بھری عدالت کے روبرو کھلا!

خدا تعالیٰ کی یہ سنّتِ قدیمی ہے کہ جب اپنا کوئی فرستادہ اصلاحِ دنیا کیلئے کھڑا کرتا ہے تو ہمیشہ دو گروہ پیدا ہو جاتے ہیں۔ ایک گروہ ان سعید الفطرت روحوں کا ،جو مامورِ زمانہ کو شناخت کر لینے کے بعد مخالفتوں اور ایذاء رسانیوں کے دریاؤں کو مردانہ وار عبور کر کے عشق و وفا کی نئی نئی منزلیں سر کرنے لگتے ہیں۔حلانکہ بقول جگر مراد آبادی وہ (بھی) حقیقت سے بھی آشنا ہوتے ہیں کہ ؎

یہ عشق نہیں آساں بس اتنا سمجھ لیجئے
اِک آگ کا دریا ہے اور ڈوب کے جانا ہے

ان کے بالمقابل ایک دوسرا گروہ ان لوگوں پر مشتمل ہوتا ہے جو اس فرستادہ اور اسکی الٰہی جماعت کی ترقیات کے آگے بند باندھنے کی خاطر مخالفتوں اور ایذاء رسانیوں کے نت نئے حربے اور ہتھکنڈے استعمال کرنے لگتا ہے۔

موجودہ دور میں امام آخر الزماں حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے الٰہی سلسلہ احمدیہ کو بھی معاندینِ احمدیت کی جانب سے ہر قسم کے حربوں اور ہتھکنڈوں کا مسلسل سامنا رہتا ہے۔ مخالفینِ سلسلہ یوں تو ایذاء رسانی کا ہر ہتھکنڈہ آزمانے کی کوشش میں لگے رہتے ہیں تاہم آج کے ترقی یافتہ اور مہذّب دَور میں ان کا سب سے معروف حربہ افرادِ جماعت کو مختلف مقدّمات میں پھنسانا اور انہیں ذہنی اذّیت پہنچانا ہے۔

معاندینِ احمدیت کی طرف سے مقدّمات کا سلسلہ یوں تو حضرت بانیٔ سلسلہ عالیہ احمدیہ کی زندگی سے لیکر آج تک پھیلا پڑا ہے تاہم ۱۹۷۴ء کے بعد سے پاکستانی حکومتیں بھی مخالفینِ احمدیت کے ساتھ فریقِ مقدّمہ بنتی دکھائی دیتی ہیں۔ اس پس منظر میں بعض جج صاحبان تو دباؤ میں آکر انصاف کا خون بہانے میں کوئی حیا محسوس نہیں کرتے جبکہ چند ایسے بھی ہیں جو کسی دباؤ کو خاطر میں لائے بغیر قانون اور انصاف کے تقاضوں اور اپنے ضمیر کی آواز کے مطابق فیصلے کرتے ہیں۔جسکے نتیجہ میں مخالفین خفّت، شرمندگی اور رسوائی کی تصویر بنتے دکھائی دینے لگتے ہیں۔ ایسے مقدّمات کی بحث کے دوران بعض اوقات نہایت عمدہ علمی نکات اور ایسی دلچسپ صورت حال بھی سامنے آتی ہے کہ جو بعض اوقات صرف وکلاء تک محدود رہ جاتی ہے۔ خاکسار کو پاکستان میں اپنے پیشۂ وکالت کے دوران مقدمات کے پس منظر میں ایسے بہت سے دلچسپ مواقع کا مشاہدہ کرنے کا موقع ملتا رہا جن کا اظہار یقیناً قارئین کی دلچسپی طبع کا باعث ہوگا۔ وفاء زندگی کی شرط کیساتھ اس نئے جریدہ کی وساطت سے ایسے بہت سے دلچسپ مواقع کی روئیداد وقتاً فوقتاً احاطہء تحریر میں لانے کی کوشش کرتا رہوں گا۔ انشاء اللہ العزیز۔

معاندینِ احمدیت کی طرف سے جماعت احمدیہ پر قائم کئے جانیوالے مقدمات کی حالیہ تاریخ میں یوں تو بہت سے مقدمات کی پیروی کرنے کی توفیق ملتی رہی تاہم سب سے طویل مقدمہ جو درپیش آیا وہ حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ کی تحریر فرمودہ تفسیر صغیر کا مقدمہ تھا۔جسکی تفصیل کچھ اس طرح ہے کہ غالباً ۱۹۷۴ء .. سے حکومت نے صوبائی اور مرکزی سطح پر احمدیوں کی ایذاء رسانی کی خاطر ایسے تحقیقی ڈیسک تشکیل دے دیئے تھے جن کا مقصد احمدیہ لٹریچر اور کتب وغیرہ کو دیکھ کر ان کو بحق سرکار ضبط کئے جانے کی سفارشات کرنا تھا۔ ان ڈیسکوں کیلئے بالعموم جماعت اسلامی سے وابستہ افراد چنے گئے اور ڈیسکوں کا انچارج ، مذہبی امور کا وفاقی وزیر مولانا کوثر نیازی تھا۔ واضح رہے یہ وہی کوثر نیازی تھا جسے ۱۹۷۰ء کے الیکشنوں میں باوجود جیل کے اندر ہونے کے سیالکوٹ کے احمدیوں نے سیالکوٹ کے حلقۂ انتخاب سے ووٹ دیکر کامیاب کروایا تھا۔مذکورہ ڈیسک کے افراد، مرکزی جرائد مثلا روزنامہ الفضل ماہنامہ خالد، تشحیذ الاذہان، مصباح حتیٰ کہ محترم ثاقب زیروی کے ذاتی ہفت روزہ لاہور کے شماروں کے متعلق بھی حکومت کو رپورٹس دیتے رہتے تھے۔مزید براں دیگر جماعتی کتب کے علاوہ حضرت بانیٔ سلسلہ کے عظیم الشان علم الکلام اور خلفائے سلسلہ کی کتب میں سے سیاق وسباق سے علیحدہ کیئے ہوئے ایسے فقرات جو دیگر مذاہب کے پیروکاروں یا سادہ لوح عوام کی نظر میں قابلِ اعتراض بن

سکیں چن کر پوری کتب کی ضبطی کی رپورٹس حکومت کو دیتے تھے یہ رپورٹس مرکزی اور صوبائی امور کے انچارج وزراء یا ہوم سیکرٹریان کو بھیجی جاتی تھیں ۔ جو ان آمدہ رپورٹس کی روشنی میں ضبطی کیلئے آخری کارروائی کرتے تھے ۔ حیران کن امر یہ ہے کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا بیشتر لٹریچر دیگر مذاہب کی طرف سے اسلام اور بانیٔ اسلام ﷺ پر اعتراضات کے جوابات اور دفاع میں تحریر فرمودہ ہے مگر مذکورہ بالا ۱۹۷۴ء میں تشکیل پانے والے حکومتی ڈیسکوں کے لیئے دفاعِ اسلام میں لکھا گیا لٹریچر ہضم کرنا بھی محال ہے ۔ بہر کیف اسی ضمن میں تفسیر صغیر بھی ۱۹۸۱ء میں صوبائی حکومت (پنجاب) نے ضبط کر لی ۔ اس کی ضبطی کا حکم بذریعہ ہوم سیکرٹری پنجاب ہوا جنہوں نے اسکی ضبطی کے ساتھ ساتھ یہ حکم بھی جاری کیا کہ اسکے متعلق فوجداری مقدمہ بھی دائر کیا جائے ۔ چنانچہ مختلف درجہ بدرجہ سرکاری افسران کے حکم ناموں کے ساتھ ڈی ایس پی چنیوٹ نے مقدمہ کی نوعیت اور غیر معمولی اہمیت کے پیش نظر، جماعت احمدیہ کی مخالفت میں پیش پیش اور ایک بد نامِ زمانہ شخص مولوی منظور چنیوٹی کو ساتھ ملایا اور چنیوٹ کے ڈاک بنگلا میں بیٹھ کر اسکے بیان کے ذریعے ایف آئی آر (ابتدائی رپورٹ) مرتب کی ۔ اس رپورٹ میں لکھا گیا کہ دیگر علماء اسلام نے قرآن مجید کے جو تراجم کئے ہیں مرزا بشیر الدین محمود احمد (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے تفسیر صغیر میں ان سے مختلف ترجمہ کیا ہے نیز خاتم النبیین لفظ کے معنی غلط اور گمراہ کن کئے ہیں جس سے مسلمانوں کے جذبات مجروح ہوئے ہیں۔ یہ مختصر تفصیل اس ایف آئی آر میں درج کی گئی تھی ۔ منظور چنیوٹی کے بیان پر ایف آئی آر مرتب ہوئی اور پھر اگلے مرحلہ کے طور پر پولیس کاروائی یعنی تفشیش مقدمہ کے ڈرامے کا آغاز ہوا ۔ مقدمہ کا اندراج تھانہ ربوہ میں کیا گیا ۔

تفسیر صغیر کی بیشتر کاپیاں تو ضبط کی ہی جا چکی تھیں لہذا اس مقدمہ کو مزید تقویت دینے کیلئے پولیس نے چنیوٹ کی انتظامیہ سے بھی رابطہ کیا ۔ اے سی چنیوٹ اور مجسٹریٹ وغیرہ نے اس مقدمہ کو مضبوط بنیادوں پر اٹھانے کی خاطر تگ و دو شروع کر دی ۔ اس سلسلہ میں ربوہ تھانہ کے ایس ایچ او مسمی محمود نے تفسیرِ صغیر کی جعلی برآمدگی کا ڈرامہ بھی رچاتے ہوئے باقاعدہ پولیس فرد (پولیس کاروائی کی اصطلاح) تیار کی اور اس وقت کے آر ایم ربوہ (جو سرگودھا کے ایک زمیندار گھرانے کے شریف النفس آدمی تھے) کی عدالت میں دستخط کروانے پہنچا مگر آر ایم صاحب نے ایس ایچ او کو جھڑک کر باہر نکال دیا کہ وہ اس جعلی برآمدگی پر دستخط نہیں کریں گے ۔ تھانیدار نے ناچار اے سی چنیوٹ کو رپورٹ دی جو ڈی سی جھنگ تک بھی پہنچی ۔ ڈی سی کے حکم پر اے سی چنیوٹ مسٹر موزنگا نے فرد (برآمدگی جعلی) پر مجبوراً دستخط کر دیئے حلانکہ وہ حکیم خورشید احمد مرحوم (صدر عمومی ربوہ) کے زیرِ علاج ہونے کے ناطے دوست بھی تھے ۔ اس جعلی برآمدگی کی بنا پر ربوہ کے شرفاء سید عبدالحی صاحب ، مولانا ابوالمنیر نورالحق صاحب ، چوہدری ظہور احمد باجوہ صاحب ، مولوی عبدالعزیز بھانبڑی صاحب اور حکیم مولوی خورشید احمد صاحب کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا اور گرفتاری کا حکم اس فرد پولیس پر ہوا کہ مذکورہ ملزمان کے گھروں سے "دس دس نسخہ جات تفسیرِ صغیر" کے برآمد ہوئے ہیں ۔

مقدمہ کی پیروی کے لئے خاکسار کو مقرر کیا گیا ۔ ملزمان مذکورہ بالا کی ضمانتیں سیشن کورٹ جھنگ سے قبل از گرفتاری عارضی طور پر فوراً کروالی گئیں ۔ پکی ضمانتوں کے سلسلہ میں اس مقدمہ میں متعدد پیشیاں بڑا عرصہ پڑتی رہیں ۔ خاکسار اور مقدمہ میں ملوث شدہ جملہ افراد سلسلہ ربوہ سے جھنگ پیروی کیلئے جاتے رہے ۔ سرکاری وکیل کی خواہش تھی کہ اِس مقدمہ کی ضمانتوں کے متعلق رپوٹ میں مذہبی بحث مولوی منظور چنیوٹی از خود کرے ۔ قانونی بحث کیلئے مولوی چنیوٹی نے لاہور سے رفیق باجوہ ایڈوکیٹ کو اپنا وکیل مقرر کر لیا ۔ اس وکیل کی اپنی مصروفیات تھیں جنکی بناء پر کئی پیشیوں پر حاضر نہ ہو سکنے کی بنا پر مقدمہ طویل تر ہوتا چلا گیا ۔ مولوی منظور چنیوٹی بھی طویل عرصہ تک اپنی مصروفیات کا بہانہ بنا کر پیشیوں سے غیر حاضر ہوتا رہا ۔ جب عدالت کو اِس طرف توجہ دلائی گئی تو بالآخر عدالت نے بھی تنگ آکر مولوی چنیوٹی کو حاضر ہونے کا نوٹس دے دیا ۔

چنانچہ قانونی بحث کیلئے رفیق باجوہ اور مذہبی بحث کیلئے منظور چنیوٹی کو حاضر عدالت ہونا پڑا ۔ ہم نے بھی مکرم مجیب الرحمان صاحب ایڈوکیٹ سپریم کورٹ کو راولپنڈی سے مذہبی بحث کیلئے بلوالیا ۔ ادھر مولانا محمد صدیق

صاحب فاضل لائبریرین و دیگر علماء سلسلہ نے قرآن مجید کے مختلف تراجم والے قرآن کریم، جن میں بہاولپور سے خصوصی طور پر منگوایا گیا پانچ تراجم والا نسخہ بھی شامل تھا جمع کر کے حوالہ جات وغیرہ تیار کر لئے تھے ۔ عدالت بھی اب خاصی دلچسپی لے رہی تھی اور سماعت مقدمہ کو غیر معمولی طور پر زیادہ وقت دیا گیا۔ جج صاحب کو بھی مذہبی بحث سننے کا اشتیاق تھا۔

فائنل بحث والے دن ہم لوگ عدالت میں پہنچے تو عدالت کے باہر لان میں مولوی منظور چنیوٹی اپنے شاگردوں اور ختم نبوت نامی مجلس کے بہت سے لوگوں کے ہمراہ بیٹھا تھا ۔ لاہور سے رفیق باجوہ بھی بحث کیلئے آگئے اور سماعت مقدمہ شروع ہوئی ۔ رفیق باجوہ نے آتے ہی کہا کہ وہ انگریزی میں قانونی بحث کریں گے جبکہ مذہبی بحث مدعی مقدمہ منظور چنیوٹی خود کرلے گا ۔ رفیق باجوہ چند منٹ تک محض اِس نکتے پر بحث کرنے کے بعد کہ اس عدالت کو اختیارِ سماعت حاصل نہیں بحث ختم کر کے بیٹھ گیا ۔ جس پر عدالت نے کہا کہ اِس امر کا فیصلہ عدالت خود کرے گی۔

اس کے بعد عدالت نے منظور چنیوٹی مدعی مقدمہ کو بلوا کر کٹہرے میں کھڑا کرتے ہوئے پوچھا کہ ایف آئی آر (رپورٹ ابتدائی) آپ نے لکھوائی تھی آپ ہی بتائیں کہ کن آیاتِ قرآنی کا ترجمہ غلط کیا گیا ہے اور آپ نے یہ بھی لکھوایا ہے کہ ترجمہ گمراہ کن ہے جس سے عام مسلمانوں کے جذبات مجروح ہوتے ہیں ۔ اس پر منظور چنیوٹی نے بتایا کہ خاتم النبین والی آیت کا ترجمہ غلط کیا گیا ہے جس پر اسے اعتراض ہے۔عدالت نے خاتم کے معنی پر خود کہا کہ پرانی تفسیروں میں مفسرین نے خاتم کے معنی مہر کے کئے ہیں آخری یا ختم کے نہیں ! مولوی پھر بھی بالاصرار آخری اور ختم کے معنی پر ہی اڑا رہا۔ جس پر عدالت نے کہا کہ کیا آنحضور ﷺ نے کبھی فرمایا تھا کہ میرے بعد نبی نہیں آئے گا؟ کوئی حوالہ یا حدیث پیش کریں ۔مگر مولوی خاموش کھڑا سوچتا رہا۔ عدالت نے کہا وہ ''لا نبی بعدی والی حدیث کیا ہے''؟ جس پر مولوی نے فوراً ہاں میں ہاں ملائی کہ ہاں ہاں بالکل وہی حدیث ہے۔

جب مولوی نے اس حدیث کا اقرار کر لیا تو جج صاحب نے کہا کہ میرا ایمان ہے کہ نبی کریم ﷺ کبھی بے محل اور بے موقع بات نہ فرماتے تھے اس حدیث کا شانِ نزول بیان کریں ۔

مولوی اس غیر متوقع سوال پر خاصہ حواس باختہ ہوا کیونکہ وہ تو شانِ نزول (یعنی موقع محل کی مناسبت) کے پس منظر سے ہی کلیتًا ناواقف تھا ۔ تقریباً تین بار جج نے پوچھا کہ بتایئے! کس موقع پر حضور نے لا نبی بعدی فرمایا تھا؟ مگر مولوی صاحب حیران و پریشان خاموش کھڑے بغلیں جھانکتے رہے آخر جج نے مجیب الرحمان صاحب سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ آپ بتائیں۔

مجیب الرحمان صاحب نے بتایا کہ جنگِ موتہ کا واقعہ ہے کہ نبی کریم ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم و مجاہدین جمع تھے ۔ ان دنوں خطرہ تھا کہ یہودی مدینہ میں گڑبڑ کریں گے ۔ اسلیئے طے کیا گیا کہ مدینہ میں امیر مقامی کسی مضبوط آدمی کو مقرر کیا جائے ۔ سب کی رائے تھی کہ حضرت علیؓ موزوں ترین ہیں ۔ جب حضرت علی کو علم ہوا تو انہوں نے آنحضور ﷺ سے عرض کی کہ میں تو جہاد پر جانے کیلئے تیار ہوں پھر مجھے عورتوں اور بچوں میں رکھنے کا فیصلہ کیوں کیا جارہا ہے؟ حضرت علیؓ کے اس احتجاجی موقف پر سرورِ کونین ﷺ نے فرمایا:

''یا علی! انت منی بمنزله هارون من موسیٰ ولا کن لا نبی بعدیؑ''

(یعنی اے علی تیرا مجھ سے تعلق موسیٰ کے بعد ہارونؑ جیسا ہے مگر میرے بعد (ہارون علیہ السلام کی طرح) نبی نہیں ہے۔ نیز مجیب الرحمان صاحب نے بتایا کہ ایک حوالہ بایں الفاظ یہ بھی ہے کہ:

انت لا نبی بعدی یعنی تو (مراد حضرت علیؓ) میرے بعد نبی نہیں ۔

مجیب الرحمان کی زبانی مذکورہ حدیث کا شانِ نزول سن کر جج نے مولوی چنیوٹی سے پھر مخاطب ہوتے ہوئے کہا" سمجھ لیا ہے کہ آنحضور ﷺ نے کس موقع پر لا نبی بعدی فرمایا تھا!" دو تین بار یہی فقرہ جج صاحب نے دھرایا۔ جبکہ مولوی بزُعمِ خویش "ختم نبوت" کا بہت بڑا عالم دین کہلوانے کے باوجود ندامت کی تصویر بنا خاموش کھڑا سنتا رہا۔ بالآخر جج نے منظور چنیوٹی کے وکیل مسٹر رفیق باجوہ کو انگریزی میں مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ اگر ملزمان کا آئندہ یہ کتاب چھاپنے کا ارادہ نہیں تو آپکو اِن کی ضمانتیں کر دینے پر کوئی اعتراض ہے؟ مسٹر رفیق باجوہ نے جواب دیا کہ نہیں! اور اتنا کہہ کر

عدالت سے باہر (بارروم میں) چلے گئے ۔ پھر عدالت نے "ملزمان" سے پوچھا کہ کیا آپ یہ تفسیر چھاپنا چاہتے ہیں؟ سب کا متفقہ جواب تھا کہ یہ تفسیر حکومت کی طرف سے بین ہے اور ہم کبھی خلافِ قانون کام نہیں کرتے ۔ عدالت نے مسل پر یہ بات ریکارڈ کر کے جملہ افراد جماعت کے دستخط کرائے اور فیصلہ سنایا کہ ضمانتیں منظور کی جاتی ہیں۔ عدالت میں ایک دوسرا وکیل کھڑا تھا۔ اس نے مولوی چنیوٹی سے کہا کہ تمہارا وکیل تو ضمانتیں کرواگیا ہے۔ نیز عدالت نے فیصلہ کیا ہے کہ آئندہ سے مقدمہ کی سماعت آرایم ربوہ کی عدالت میں ہوگی۔

دھتکار !!!!

جج صاحب اپنا فیصلہ لکھوا کر اپنے چیمبر میں چلے گئے ۔ چنیوٹی بھی پیچھے پیچھے ان کے چیمبر میں گیا اور جج سے کہا کہ یہ مقدمہ چنیوٹ یا جھنگ کی عدالت میں بھیجنے کا فیصلہ کریں ۔ جج نے کہا کہ یہ ایف آئی آر تم نے ربوہ تھانے میں درج کروائی تھی اسکا اختیارِ سماعت بھی آرایم ربوہ کی عدالت کو ہے وہی آئندہ اِس کیس کو سنے گی اور تمہیں حکم دیتا ہوں کہ فوراً میرے چیمبر سے باہر نکل جاؤ۔ چنانچہ بہت بے آبرو ہو کر تیرے کوچے سے ہم نکلے! کے مصداق مولوی چنیوٹی عدالت سے باہر نکل آیا اور پھر بارروم میں جا کر اپنے وکیل رفیق باجوہ سے اِس بات پر جھگڑنے لگا کہ آپ ملزموں کی ضمانتیں کیوں منظور کروا آئے ہیں۔ جس پر رفیق باجوہ نے کہا کہ میں نے قانونی بحث کر دی تھی ۔تم نے مذہبی بحث اور دلائل دیئے ۔مگر اس علمی و مذہبی بحث میں تم ان لوگوں کا جواب پیش نہیں کر سکے اس میں میں کیا کر سکتا تھا۔ مولوی چنیوٹی کے شاگردوں نے بھی اپنے استاد سے گلہ کیا کہ احمدیوں نے کئی حوالے مہر کے متعلق عدالت میں پیش کئے آپ کوئی ایک حوالہ بھی اپنے حق میں پیش نہ کر سکے ۔ اس موقع پر بعض لوگوں نے مشورہ دیا کہ آپس میں جھگڑنے کی بجائے ختم نبوت زندہ باد کے نعرے لگائیں ۔اس طرح بفضل اللہ تعالیٰ احمدی شرفاء کی ضمانتیں پکی ہوگیں جبکہ منظور چنیوٹی اپنے تبحر علمی کا بھرم بھری عدالت میں تڑوا کر رسوا کن حالت میں واپس لوٹا۔ بعد ازاں جب یہ مقدمہ آرایم ربوہ کی عدالت میں چلا تو مدعی منظور چنیوٹی کبھی حاضر عدالت نہ ہوا مبادا وہاں بھی مزید ذلت خواری گلے نہ پڑ جائے۔

آرایم کی عدالت میں مقدمہ کافی دیر چلتا رہا ۔ خاکسار ہر تاریخ پر حاضر ہوتا رہا۔ بعد ازاں خاکسار نے فوجداری ضابطہ کے تحت درخواست گزاری کہ متعدد خامیوں کی بنا پر یہ مقدمہ اب خارج ہونا چاہیئے ۔ مجسٹریٹ نے سرکاری وکیل کو نوٹس دیا۔ بحث ہوئی مگر درخواست خارج کر دی گئی ۔سیشن کورٹ میں اس فیصلہ کے خلاف اپیل کی گئی مگر وہاں بھی کافی عرصہ چلنے کے بعد خارج کر دی گئی ۔ دراصل کوئی بھی جج ہمارے حق میں فیصلہ دے کر متشدد ملاؤں کی مخالفت اپنے سر لینا نہیں چاہتا تھا ۔ ادھر منظور چنیوٹی صوبائی اسمبلی کا ممبر منتخب ہو جانے کی وجہ سے اس مقدمے میں زبردست مداخلت کروا رہا تھا۔

مجسٹریٹ اور سیشن جج کے فیصلہ کے خلاف خاکسار نے لاہور ہائی کورٹ میں درخواست داخل کردی اور ساتھ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں دعا کیلئے خط بھی لکھ دیا۔ ہائی کورٹ نے حکومت کو نوٹس جاری کر دیا۔ بحث ہوئی تو خاکسار نے مقدمہ کے بنیادی سقم پر بحث کرتے ہوئے عدالت کو بتایا کہ یہ مقدمہ ضابطہ فوجداری کی زیر دفعہ ۱۹۶ ہوا تھا جسکے اندراج کا حکومت پنجاب نے حکم نامہ جاری کیا تھا۔ اسی ضابطہ کی شق "ض ف" کے تحت یہ مقدمہ صرف حکومت درج کروا سکتی ہے کوئی فرد ذاتی حیثیت میں مقدمہ درج کروانے کا مجاز نہیں۔ مگر مولانا چنیوٹی نے یہ مقدمہ اپنی ذاتی حیثیت میں درج کروایا لہذا ایف آئی آر (ابتدائی رپورٹ) سرے سے ہی غلط اور ضابطہ قانون کے خلاف ہے اور ملزمان کو ایک لمبے عرصہ سے بلا وجہ پریشان کیا گیا ہے۔ لہذا یہ مقدمہ غیر قانونی ہونے کے پیش نظر خارج کیا جانا چاہیئے ۔ جج صاحب (جسٹس ریاض) نے بحث سنی اور مقدمہ خارج کرنے اور ملزمان کی بریت کا حکم صادر کر دیا اسطرح تقریباً چھ سال تک مقدمہ مختلف عدالتوں میں چکر کھانے کے بعد بالآخر خارج ہو گیا اور ۱۸ فروری ۱۹۸۶ء کو روزنامہ جنگ لاہور میں خبر جملہ احباب کی بریت کے متعلق شائع ہوئی۔

ٹورنٹو کے مقامی جریدے ماہنامہ بصیرت کا حضرت بانیؑ جماعت احمدیہ کے خلاف ادارتی نوٹ اور جریدے کے مدیر اعلیٰ و "جامعہ اسلامیہ" کے مدارالمہام مولانا آصف قاسمی سے

چند استفسارات

ایک مکتوب۔ ایک مقالہ

تحریر: ناصر احمد وینس

